لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ شوال ۱۳۳۸ھ مطابق ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء	نمبر ۲۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منتقلی زیور و جائداد وغیرہ نواب شرف دولہن بیگم صاحبہ مرحومہ بنام شاہزادی معظم النساء بیگم صاحبہ مدظلہا	۱و۲
۲	عطائے چارج [illegible] بہ مسٹر واس ایگزیکٹیو انجینئر صاحب	۲
۳	رضا فراہمی انجنیری	۲
۴	تقرر منشی شاہ محمد خاں سپروائزر بجائے مظہر الحق سب اوورسیر ننار	۲
۵	تقرر منشی حامد حسین بجائے منشی شاہ محمد خاں سپروائزر	۲
۶	عطائے اختیارات بابت غیر مستقل ملازم بہ صاحب سپرنٹنڈنٹ نہار	۲
۷	رخصت نائب دیوان الصدر	۲
۸	نسبت نہ لینے خانے سیاہ ورن تجویز صدر و تحصیلات	۲
۹	رخصت نائب محافظ دفتر صدر	۲
۱۰	رخصت سب انسپکٹر آبکاری	۲
۱۱	نقشہ بارش و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

واقع ۲۱ جون سنہ ۱۹۲۰ء

آج نواب شرف دولہن بیگم صاحبہ غفر اللہ لہا نے دنیائے فانی کو چھوڑا چونکہ ریاست سے اونکو کوئی چیز بجز دو ایک ملکی چیزوں کے نہیں ملی تھیں اونکو اسلئے جو زیور مرصع و سامان نقرئی و طلائی وغیرہ بنایا تھا وہ قریب قریب تو تیار رہتا اگرچہ قاعدہ مجوزہ ریاست یہ ہے کہ جب فرمانروائے ریاست کے مخدرات علیا میں سے کسی کا انتقال ہوتا ہے تو اونکے متروکہ کا حق ارثا کے وارث کا عام اس سے کہ وہ اولاد ہی کیوں نہو قائم نہیں ہوتا ہے اگرچہ اُس متروکہ میں ایسا زیور شامل ہو جو جواہر خانہ سے مستعار دیا گیا ہے۔

پا بہ بدیہ تیار کرایا گیا ہے بلکہ کل متروکہ خواہ وہ از قسم منقولہ ہو یا غیر منقولہ ریاست کے قبضہ میں آ گیا ہے لیکن بنظر شفقت و بصورت خاص جسکی نظیر آئندہ نہ ہوگی مرحومہ کا کل متروکہ زیور و سامان طلائی و نقرئی وغیرہ اونکی دختر صاحبزادی معظم النسا بیگم طولعمرہ کو عطا کیا جاتا ہے بدولت و اقبال منظور فرماتے ہیں جو تنخواہ نواب اشرف دولہن بیگم صاحبہ مرحومہ کو عطا ہوتی تھی اور جو موضع ستاجری اور باغ اونکے نام تھا وہ صاحبزادی معظم النسا بیگم طولعمرہ کے نام منتقل کیا جائے اور جسقدر رقم پس انداز موجود خزانہ میں رقم میوہ خوری تعدادی ۱۱ ماہوار کیساتھ جمع ہوا کرے آمدنی و خرچ کا ماہوار حساب ذریعہ داروغہ ڈیوڑھیات صاحبزادی صاحبہ کے پاس بھیجا جایا کرے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی صاحبزادی معظم النسا بیگم طولعمرہ کے پاس ذریعہ کمیدان ڈیوڑھیات و صاحب ریونیو سکریٹری بہادر و صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر و دیوان صدر کے پاس و دار الانشاء میں بھیجی جائے اصل روبکار سررشتہ صدر میں رہے ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ ہو۔ فقط

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب معروضہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر منظور کیا جاتا ہے کہ جسطرح موٹر گراج کا چارج مسٹر ملک انجنیر برقی روشنی سابق کے پاس تھا اسیطرح مسٹر واس ایکزیکٹیو انجنیر کو چارج میں دیا جائے مبلغ پچاس روپیہ ماہوار الاونس موٹر گراج سے مسٹر واس کو ملا کریں مسٹر واس موٹر گراج کا کام زیر ماتحتی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر انجام دینگے۔

حکم ہوا کہ احکام ضابطہ سررشتہ صدر سے جاری ہوں

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۶ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ نہار منشی پورن پرشاد اہلمد چیف انجنیری کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

اضافہ

۲۶ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ نہار منشی منظور الحق سب اوورسیر نہار پرگنہ سوار بوجہ غیر حاضری برخاست ہوئے اور بجائے انکے منشی شاہ محمد خان سپروائزر شاہ آباد چالیس روپیہ ماہوار کا تقرر پچاس روپیہ ماہوار پر بتفصیل ذیل منظور فرمایا گیا۔ تنخواہ عہ الاونس عہ

تقرر

۲۶ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ نہار تقرر منشی حامد حسین کا (جو نہر ناہل پر کام انجام دے چکے ہیں) بجائے منشی شاہ محمد خان سپروائزر شاہ آباد تیس روپیہ ماہوار تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار الاونس منظور فرمایا گیا۔

عطائے اختیارات

۲۶ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

مستقل ملازمان سے جن قید کا تعلق ہے وہ ملازمان غیر مستقل سے متعلق نہوگی کیونکہ بجز غیر مستقل ملازم۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار خود رکھ سکینگے۔

رخصت

۲۷ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ دیوان صاحب صدر۔ رخصت رعایتی یکماہہ منشی محمد علیخان نائب دیوان صدر بوجہ علالت بغرض علاج منظور فرمائی گئی

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

ساورن چونکہ اب سکۂ رائج الوقت نہیں رہا۔ لہذا آئندہ خزانہ صدر و تحصیلات میں ساورن نہ لی جائیں۔ حکم ہوا کہ ——— احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۶ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و معتمد حاکم صاحب صدر مزید رخصت یکماہہ سید محی علیخان نائب محافظ دفتر صدر بوجہ بقیہ علالت بذمہ داری ہزاریلال نائب محافظ دفتر منظور ہوئی۔

۱۷ر جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔ رخصت یکماہہ ہرنام اسسٹنٹ انسپکٹر آبکاری کی بوجہ علالت بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔ اسسٹنٹ انسپکٹری کا کام احمد سعید خان پیشکار انجام دیگا اور پندرہ روپیہ ماہوار الاونس پائینگے۔ اور پیشکاری کا کام ہردو کلرک بہاریلال اہلمدان آبکاری کو دیا جائیگا تین روپیہ ماہوار کلرک بہاریلال کلان اور دو روپیہ خورد کو بطور الاونس ملینگے بقیہ کم

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۸ جون لغایت ۴ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۵ار		۴ار		۰۶ار	۴ار	
نخود خالص	۴ار		۷ار		۷ار	۰۴ار	
نخود کسہ آمیز	۷ار		۰۸ار		۸ار	۰۷ار	
کسہ	۸ار		۰۸ار		۰۸ار	۸ار	
ماش	۰۴ار		۵ار		۴ار	۰۴ار	
مونگ	۳ار		۳ار		۰۳ار	۳ار	
مکا	۵ار		۹ار		۹ار	۹ار	
جئی	۰		۱۰ار		۰	۱۱ار	
گرجئی	۶ار		۸ار		۰۷ار	۹ار	
عدس	۰۴ار		۰۷ار		۰۶ار	۶ار	
ارہر	۰۶ار		۰۷ار		۰۶ار	۰۷ار	
برنج	۳ار		۳ار		۳ار	۰۳ار	
روغن زرد	۰		ـ۱ار		ـ۱ار	۱ار	
روغن سیاہ	۲ار		۲ار		۱ار	ـ۱ار	
روغن کنجد	۲ار		۲ار		۱ار	ـ۱ار	
نمک سانبھر	۱۱ار		۱۰ار		۹ار	۱۱ار	
نمک لاہوری	۷ار		۷ار		۷ار	۷ار	
قند سیاہ	۵ار		۵ار		۴ار	۵ار	
باجرہ	۷ار		۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۸ جون لغایت ۴ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

تاریخ و یوم	حضور تحصیل		تحصیل بلاسپور		تحصیل ملک		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ٹانڈہ		کیفیت
	تعداد ونکا	اوزون	تعداد ونکا	اوزون	تعداد ونکا	اوزون	تعداد ونکا	اوزون	تعداد ونکا	اوزون	تعداد ونکا	اوزون	
۲۸ جون سنہ ۱۹۲۰ء یوم دوشنبہ	۰	۹۱	۲۱	۱۰۹	۰	۹۱	۲۴	۱۰۱	۵	۹۶	۰	۱۱۸	
۲۹ جون سنہ ۱۹۲۰ء یوم سہ شنبہ	۳	۹۴	۴	۱۱۳	۰	۹۱	۰	۱۰۱	۰	۹۶	۲	۱۲۰	
۳۰ جون سنہ ۱۹۲۰ء یوم چہار شنبہ	۰	۹۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۰۱	۰	۶۶	۰	۱۲۰	
یکم جولائی سنہ ۱۹۲۰ء یوم پنجشنبہ	۰	۹۴	۰	//	۰	//	۰	۱۰۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۲۰	
۲ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء یوم جمعہ	۰	۹۴	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	۱۲۰	
۳ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء یوم شنبہ	۱	۹۵	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	
۴ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء یوم یکشنبہ	۳۸	۱۴۳	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//	